سوال

عورت جن کپڑوں میں چاہے احرام باندھ سکتی ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کےلیے یہ جائز ہے کہ وہ جن کپڑوں میں چاہے احرام باندھ لے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں عورت کےلیے یہ جائز ہے کہ وہ جن کپڑوں میں چاہے احرام باندھ لے اس کے احرام کےلیے کوئی مخصوص لباس نہیں ہے جیسا کہ بعض عامۃ الناس کا یہ خیال ہے لیکن افضل یہ ہے کہ احرام کا لباس خوب صورت اور جاذب نظر نہ ہو کیونکہ ایام حج میں عورتوں کا مردوں کے ساتھ بھی میل جول ہو جاتا ہے، لہذا عورتوں کےلیے افضل یہ ہے کہ ان کا لباس خوب صورت اور جاذب نظر نہ ہو بلکہ عام سادہ لباس ہو جو فتنہ انگیز نہ ہو۔

مردوں کےلیے افضل یہ ہے کہ وہ سفید کپڑے احرام کےلیے استعمال کریں، اگر سفید کے علاوہ کسی اور رنگ کے کپڑے ہوں تو بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ حدیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبز رنگ کی چادر زیب تن فرما کر طواف کیا تھا، [1] اسی طرح آپ نے کالے رنگ کا عمامہ بھی استعمال فرمایا تھا[2] حاصل کلام یہ ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں کہ محرم سفید کے علاوہ کسی اور رنگ کے احرام کو استعمال کرے۔

---

[1] سنن ابی داود، المناسک، باب الاضطباع فی الطواف، حدیث: 1883 وجامع ترمذی، حدیث: 859

[2] صحیح مسلم، الحج، باب جواز دخول مکة بغیر احرام، حدیث: 1358-1359

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی